# 17-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپوزیشن کے لیڈر کی حیثیت سے اسمبلی آ کر مناسب مشورے اور تجاویز پیش کریں۔

۲۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ دونوں تلگو ریاستوں کے درمیان ایک عرصہ سے آبی تنازعات ہیں اور چند سیاسی پارٹیاں ان تنازعات کا سیاسی فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہی ہیں۔

۳۔ سنگور ذخیرے آب سے ایک سو کیوزک پانی آج چھوڑا گیا۔ ناگر جنا ساگر کی بائیں نہر کو کل پانی چھوڑا جائیگا۔

اور

۴۔ ریاست میں آئندہ سات دن کے دوران کئی اضلاع میں اوسط تا شدید بارش کا امکان ہے۔

## Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپوزیشن کے لیڈر کی حیثیت سے اسمبلی آ کر مناسب مشورے اور تجاویز پیش کریں۔ انہوں نے کہا ہے کہ حکومت ان تجاویز کو قبول کرے گی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ کے سی آر کے خاندان کو سیاسی مسائل سے ہی فرصت نہیں مل رہی ہے۔ دہلی میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بتکماں ساڑیاں اور کے سی آر کٹس کو چھوڑ کر تمام پرانی اسکیموں پر عمل آوری جاری ہے۔ چیف منسٹر نے مرکزی وزیر کشن ریڈی سے کہا کہ وہ خطوط لکھنے کے بجائے منصوبہ عمل کے ساتھ آگے آئیں اور اس کے لئے وہ مل کر کام کرنے تیار ہیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ تومڑی ہٹی پراجکٹ کے سلسلہ میں وہ مہاراشٹرا کا دورہ کریں گے۔ تلنگانہ میں مسلمانوں کے تحفظات منسوخ کرنے کشن ریڈی کے مطالبہ پر چیف منسٹر نے ان سے کہا کہ پہلے وہ ان ریاستوں میں تحفظات منسوخ کریں جہاں بی جے پی حکومتیں ہیں۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ ہائی کورٹ کی نگرانی میں فون ٹائپنگ معاملہ کی چھان بین ہو رہی ہے۔ اس کیس کو سی بی آئی کے حوالہ کرنے بی جے پی قائدین کے مطالبہ پر ریونت ریڈی نے سوال کیا کہ بیرون ملک سے پربھاکر راؤ کو وطن واپس لانے میں مرکزی حکومت کو دیڑھ سال کیوں لگے۔

Swachh Survekshan Awards

سوچھ سرویکشن سروے کے تحت حیدرآباد کو ملک میں چھٹے صاف ستھرے شہر کا درجہ حاصل ہوا ہے۔آج دہلی میں منعقدہ ایک پروگرام میں بلدی نظم ونسق اور شہری ترقیات کے سکریٹری ڈاکٹر کے ایلم برتی اور کمشنر آروی کرنن نے مرکزی وزیر منوہر لال سے ایوارڈ حاصل کیا۔10 لاکھ سے زیادہ کی آبادی والے شہروں کے زمرے میں حیدرآباد کو یہ ایوارڈ حاصل ہوا ہے۔

Drugs ASP

آصف آباد ضلع کے اے ایس پی چتر نجن نے نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ منشیات سے دور رہیں اور صحت مند طرزِ زندگی اختیار کریں۔انہوں نے کیرامیری منڈل میں آشرم اسکول میں والی بال مقابلوں کا افتتاح کیا۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ گانجہ یا دیگر ممنوعہ اشیاء کی تجارت کے بارے میں کوئی بھی اطلاع پولیس کو فراہم کرے۔

Sound Byte ASP

Jangaon - CM

طلبہ کی علمی قابلیت کے اعتبار سے جنگاؤں ضلع کو قومی سطح کا ایوارڈ حاصل ہونے پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے ضلع کے کلکٹر رضوان باشاہ شیخ کو ٹوئٹر پر مبارکباد دی ہے۔انہوں نے کہا کہ دونوں تلگو ریاستوں میں صرف جنگاؤں ضلع کو یہ ایوارڈ حاصل ہونا قابل ستائش ہے۔ضلع کو تیسری جماعت میں 16 واں مقام، چھٹی جماعت میں 35 واں مقام اور 9 ویں جماعت میں 33 واں مقام حاصل ہوا ہے۔کلکٹر رضوان باشاہ نے آکاش وانی کے ساتھ بات چیت میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Soun Byte

Oil Palm Tummala

وزیر زراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے کہا ہے کہ سدی پیٹ ضلع کے نگنو رمنڈل کے نرمیٹا میں زیر تعمیر آئیل پام صنعت کا آئندہ مہینہ کی 15 تاریخ کو چیف منسٹر ریونت ریڈی افتتاح کریں گے۔ناگیشور راؤ نے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر کے ساتھ مل کر آج حسن آباد حلقہ کے کوہیڈا منڈل کے بسواپور میں آئیل پام کے پودے لگائے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے 12 لاکھ ایکر پر آئیل پام کی کاشت کا نشانہ مقرر کیا ہے۔

Sound Byte.

Bandi Sanjay

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ دونوں تلگو ریاستوں کے درمیان ایک عرصہ سے آبی تنازعات ہیں اور چند سیاسی پارٹیاں ان تنازعات کا سیاسی فائدہ اٹھانے کی کوشش کررہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ کل دہلی میں دونوں ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کی جانب سے بنا کاچرلہ پر متضاد رائے کا اظہار حیرت انگیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں وزرائے اعلیٰ اپنے ایجنڈوں کے ساتھ اجلاس میں شریک ہوئے لیکن مرکز نے ان کو اتفاقِ رائے پر آمادہ کرلیا۔کریم نگر ضلع کے حضورآباد میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ دونوں وزرائے اعلیٰ کے اس بیان کا خیرمقدم کرتے ہیں کہ بنا کاچرلہ معاملہ میں مرکز بڑے بھائی کا رول ادا کررہا ہے۔ بنڈی سنجے کہا کہ فون ٹائپنگ معاملہ میں سِٹ نے انہیں اس مہینہ کی 24 تاریخ کو طلب کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پارٹی میں غوروخوص کے بعد اس سلسلہ میں فیصلہ کریں گے۔

Weather

دفتر موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست میں آئندہ سات دن کے دوران کئی اضلاع میں اوسط تا شدید بارش ہوسکتی ہے۔دفتر موسمیات نے کہا کہ 30 تا40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چل سکتی ہیں۔جگتیال، سرسلہ، جنگاؤں ،محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، سدی پیٹ، نلگنڈہ،سوریہ پیٹ ، کھمم اور بھدرادری کوتہ گوڑم اضلاع کو ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔اس دوران الماٹی اور نارائن پور سے پانی چھوڑے جانے کی وجہ سے سری سیلم اور ناگرجنا ساگر ذخائرآباد میں پانی جمع ہو رہا ہے۔ بالائی علاقوں میں بارش کی وجہ سے پروجیکٹس میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ کی توقع ہے۔

Singur Water

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے آج سنگور ذخیرے آباد سے ایک سو کیوزک پانی چھوڑا۔انہوں نے کہا کہ سنگور کی بائیں نہر کی مرمت کے پیش نظر دو فصلوں کو روکنے کا فیصلہ کیا گیا جس کی وجہ سے کسانوں کو درپیش مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پانی چھوڑا گیا ہے۔اس نہر کی مرمت کا کام گزشتہ سال 168.3 کروڑ روپے کی لاگت سے شروع کیا گیا۔تاہم مرمت کا کام متوقع رفتار سے نہیں ہوا ہے جس کی وجہ سے کسانوں کی مشکلات کو

دیکھتے ہوئے پانی چھوڑنے کا فیصلہ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اس پانی سے 96 تالابوں میں پانی کا ذخیرہ ہوگا اور 10 ہزار ایکر کو آبپاشی کیلئے پانی ملے گا۔اس دوران مریال گوڑہ کے رکن اسمبلی بی لکشما ریڈی نے کہا ہے کہ کل ناگر جنا ساگر کی بائیں نہر میں پانی چھوڑا جائے گا۔

vivek venkataswamy

ریاستی وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے آج میدک ضلع کے نرسا پور میں کلیان لکشمی اور شادی مبارک کے چیک اور راشن کارڈس تقسیم کیئے ۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت نے ریاست کا خزانہ خالی کر دیا اور ریاست پر قرضوں کا بوجھ ڈال دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت کی ان غلطیوں کو درست کرتے ہوئے کانگریس حکومت غرباء کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے کئی اقدامات کر رہی ہے۔

OO